سمیع الحق

تعارف کتب

امام ابو حنیفہ اور ان کے ناقدین | مولانا حبیب الرحمٰن شروانی مرحوم ۔ صفحات ۱۸۴ ۔ قیمت مجلد ۶/ روپیہ ۔ ناشر : نور محمد کارخانہ تجارت کتب آرام باغ کراچی ۔ امام ابو حنیفہ کے ناقدین میں خطیب بغدادی صاحب کی تاریخ بغدادی کا بڑا شہرہ ہے ۔ لیکن اسی مؤرخ جلیل نے اپنی کتاب میں تقریباً ایک سو صفحات امام اعظم کی جامع الصفات شخصیت کا تذکرہ مرتب کیا ۔ ناقدین امام پر جرح تحقیقی نظر نیز امام ابو یوسف ، امام محمد کے حالات زندگی امام اعظم کی معرکۃ الآراء وصیت ۔ تاریخ بغدادی کا تعارف نہایت متین اور سنجیدہ انداز میں علمی ذوق کی تکمیل کی خاطر تاریخ خطیب کے متعلقہ حصوں کا اصل متن بھی شریک کتاب ہے ۔ اور پیش لفظ کے طور پر علامہ سلیمان ندوی رح کا مؤلف کتاب پر تعارفی مضمون کتاب کی وقعت کو مزید بڑھا دیتا ہے ۔ اہل علم کیلئے خاصی افادیت کی کتاب ہے ۔

قاضی احسان احمد شجاع آبادی | برصغیر پاک و ہند کی دینی اور سیاسی تاریخ کی ایک مایۂ ناز شخصیت ، خطیب بے بدل قاضی احسان احمد شجاع آبادی مرحوم کا نہایت دلآویز معلومات آفریں دلآویز تذکرہ ، قید و بند کی صعوبتیں کانگریس احرار مسلم لیگ اور قاضی صاحب ، قادیانیت کا تعاقب ذاتی احوال و سوانح غرض ان کی باغ و بہار زندگی کے مختلف زاویوں پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔ خطابات کے جو معرکے آپ نے سر فرمائے ان کے بھی کئی نمونے شامل کتاب ہیں ، مصنف کتاب مولانا نور الحق قریشی ایل ایل بی ملتان جو صاحب سوانح کے قریبی عزیز ہیں نے برصغیر کی سیاسی اور دینی تاریخ تشکیل دینے والے علماء حق کے ایک اہم فرد کا تذکرہ اتنی محنت سے مرتب فرما کر علمی حلقوں کی نمایاں خدمت انجام دی ۔ کتاب کی طباعت نہایت عمدہ ، قیمت ۱۲/ روپیہ مکتبہ احسان نزد چہلیک ملتان سے طلب فرمادیں ۔

ہندوستان میں وہابی تحریک | سید احمد شہید اور ان کی قدسی جماعت جماعت مجاہدین کے حالات اور تحریک پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے ۔ پیش نظر کتاب ڈاکٹر قیام الدین ایم اے پی ایچ ڈی کی گرانقدر بے مثال انگریزی تصنیف کا اردو ترجمہ ہے ، جو پروفیسر محمد مسلم ایم اے نے کیا اور ان کا نام ترجمہ کی خوبی اور